دار الافتاء والقضاء — الجامعة البنوریۃ العالمیۃ

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586

سیریل نمبر 30012 — نام قمرزمان — مطلوب عمومی

تاریخ 1/19/2017 — پتہ دوبئ

رابطہ نمبر — موضوع مالي معاوضات

ای میل — کاتب محمد دین

اسلام علیکم ورحمتہ اللہ عرض ہے کہ ہم دبئ میں بہت عرصہ رہتے ہیں اور محنت مزدوري کرتے ہیں اور جب یہاں ہمارے عزیز یا علاقے کے کسي فرد کي موت واقع ہوجاتي ہے تو اس کي میت ملک لے جانے کے لئے ہسپتال سے کلیرنس اور جہاز کا خرچہ اور تقریباً 10 یا 15 ہزار ریال تک اتاہے تو اس خرچے کے لیے اور اسکے بال بچو کے لیے یہاں ہم نے اپنے علاقے کي سطح پر انجمن بنائي ہے اس انجمن میں جس ادمي کا نام ہو تو اس موت واقع ہونے پر انجمن کے سارے شرکا 50 درھم في ادمي جمع کر دیتے ہیں جو کہ اسي ہزار 80000 درہم یا اس سے کچھ زیادہ جمع ہو جاتا ہے جس میت لے جانے کا خرچہ نکال کر باقي اس کے بچو کو دے جاتے براے مہرباني ہمارے اس انجمن کے بارے رہنمائي فرمائے کہ اس انجمن میں شرکت کرنا کیسا ہے نوٹ اس انجمن کا پیسہ صرف ان لوگوں کے بال بچوں کو دي جاتي ہے جس نے انجمن نام لکھوائي ہو

الجواب باسم ملہم الصواب

مذکور انجمن کے تمام ممبران نے بلا جبر واکراہ کے فقط باہم احسان اور خیر خواہی کی بنا پر مذکور انجمن تشکیل دی ہو تو اس انجمن کے فنڈ سے فائدہ اٹھانا اور اس میں شرکت کرنا درست ہے۔ ——— واللہ أعلم بالصواب

محمد دین غفر اللہ ذنوبہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۵ / ۸ / ۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان معاویہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۲ / ۵ / ۱۴۳۸ھ

[مہر: دار الافتاء ۳۰۰۱۲ — ۱۳/۵/۱۴۳۸ھ]

[مہر: نائب رئیس — دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ]

11/2/17